## تحریک انصاف کی قومی رابطہ کمیٹی کے رکن اور راولپنڈی کے
## ممتاز بزنس مین فرخ رحمٰن نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کر دیا
## ایم کیو ایم کو ملک بھر میں پذیرائی مل رہی ہے اس کے اثرات ملکی سیاست پر مرتب ہوں گے، وفاقی وزیر اقبال محمد علی
## پارلیمنٹ لاجز میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد۔۔۔7، ستمبر 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی پالیسیوں اور قیادت پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تحریک انصاف کی قومی رابطہ کمیٹی کے رکن اور راولپنڈی کے ممتاز بزنس مین فرخ رحمٰن نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز پارلیمنٹ لاجز میں حق پرست وفاقی وزیر ہاؤسنگ وتعمیرات اقبال محمد علی، حق پرست وفاقی وزیر مملکت برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، ایم کیو ایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر سید یٰسین آزاد اور نوید خان کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ فرخ رحمٰن بنیادی طور پر ایک پائلٹ ہیں۔ فرخ رحمٰن نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان میں غریب ومتوسط طبقے کی حالت کو بدلنے کے پروگرام کے تحت تحریک انصاف میں شامل ہوئے لیکن عمران خان پارٹی کو جمہوری، سیاسی اور تبدیلی کے نظریہ کے اصولوں کے تحت چلانے کے بجائے پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کے طور پر چلا رہے ہیں جہاں کارکنوں کی عزت نفس پامال ہوتی ہے اور ان کی ملک قوم سے محبت کو خاص مقاصد کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے جیسے دیگر افراد کیلئے اہمیت اور بنیادی مقصد اقتدار یا اختیار کا حصول نہیں بلکہ اقتدار اور اختیار کی مسلسل بے حرمتی روکنا ہے، افسوسناک امر یہ ہے کہ عمران خان جو اپنی جماعت کو تبدیلی کی جماعت کہتے تھے خود ''سٹیٹس کو'' کی علامتوں کے ساتھ مل گئے ہیں اور جن عناصر کے خلاف جدوجہد کو اپنا دین اور سیاست میں آنے کی وجہ بتاتے تھے آج وہ انہی کے ترجمان بن گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ایک کھلاڑی رہے ہیں اور ان کی سوچ کھلاڑی اور ہیرو سے آگے نہیں بڑھ سکی ہے۔ فرخ رحمٰن نے کہا کہ نظریاتی کارکن کیلئے شخصیات کی بت پرستی نہیں ہوتی بلکہ اس کی صلاحیتیں، جذبہ اور تمام توانائیاں صرف اور صرف نظریہ سے ہوتی ہیں ہم نظریہ پر قائم ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین کے دیئے ہوئے جذبہ اور ایم کیو ایم کے منشور کو ہم غریب اور متوسط طبقوں کی آواز سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایم کیو ایم کا منشور پڑھا جس سے میں متاثر ہوا ہوں اور آج ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کر رہا ہوں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر ہاؤسنگ وتعمیرات اقبال محمد علی نے کہا کہ ایم کیو ایم کو جس انداز سے ملک بھر میں پذیرائی مل رہی ہے اس کے اثرات ملکی سیاست پر مرتب ہوں گے اور پاکستان کے 98 فیصد غریب، محکوم اور پسے ہوئے عوام ایم کیو ایم کے جھنڈے تلے متحد ہو کر ملک میں حقیقی تبدیلی لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تبدیلی کا اشارہ ہے کہ آج ایم کیو ایم کے خلاف تمام پروپیگنڈوں کے باوجود ملک بھر سے سیاسی ونظریاتی کارکن پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں جو ثابت کرتا ہے کہ ایم کیو ایم حقیقی معنوں میں ایک قومی جماعت ہے۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن فرحان خان کی غائبانہ رسومات

کراچی۔۔۔7، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن فرحان خان کی غائبانہ رسومات آج مرحوم کی رہائش گاہ واقع کورنگی میں ادا کی گئیں جن میں مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں حق پرست ٹاؤن ناظم کورنگی عارف خان ایڈوکیٹ، نائب ٹاؤن ناظم اصغر قریشی، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ واضح رہے کہ فرحان خان گزشتہ دنوں حضرت لال شہباز قلندرؒ کے عرس میں شرکت کیلئے سہون شریف گئے تھے جہاں وہ نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے تھے اور ان کی لاش بازیاب نہیں ہو سکی تھی۔ اس سلسلے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عامر معین اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران اور کارکنان اپنے ساتھی فرحان خان کی تلاش کیلئے سہون شریف پہنچے تاہم تمام تر وسائل بروئے کار لانے کے باوجود ان کی لاش بازیاب نہیں ہو سکی۔ جس کے باعث مرحوم کی غائبانہ رسومات ادا کی گئیں۔ مرحوم فرحان خان کا شمار یونٹ 76 کے سرگرم کارکنوں میں ہوتا ہے اور وہ تحریکی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ مرحوم شادی شدہ تھے اور ان کے سوگواران میں والدہ، بیوہ اور ایک بیٹا شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی یونٹ 76 کے کارکن فرحان خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے کی بناء پر نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133-B کے جوائنٹ انچارج شہنشاہ حسین سمیت کارکنان عمران منور، خرم شیخ، سمیر احمد بلگرامی، سید محمد آصف رضا اور سید فہد عالم کو تین ماہ کیلئے معطل کر دیا گیا

کراچی۔۔۔7، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133-B کے جوائنٹ انچارج شہنشاہ حسین رضوی ولد سید شاہ حسین رضوی کارکنان عمران منور ولد منور علی، خرم شیخ ولد شیخ ممتاز الدین، سمیر احمد بلگرامی ولد عرفان احمد بلگرامی، سید محمد آصف رضا اور سید فہد عالم کو تین تین ماہ کیلئے تنظیم سے معطل کر دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ناظم آباد میں خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر کا افتتاح اتوار کو ہوگا

کراچی۔۔۔7، ستمبر 2007ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام غریب ومستحق افراد کو علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کیلئے اورنگ آباد ناظم آباد میں خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر قائم کیا جارہا ہے۔ اس میڈیکل سینٹر کا افتتاح اتوار کے روز شام چار بجے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین کریں گے۔ اس میڈیل سینٹر کے قیام سے علاقے کے غریب ومستحق افراد کو سستے علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر واقع پاک کالونی عوام کو پہلے ہی غریب عوام کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کر رہا ہے اور اب خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر اورنگ آباد کے افتتاح سے علاقے کے غریب ومستحق عوام کو بھی علاج ومعالجہ کی سہولیات میسر آسکیں گی۔

☆☆☆☆☆